# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ :

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: معاصر فقہی مباحث (2955) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ معاصر فقہی مسائل کے حل کے لیے اجتماعی اجتہاد کے اداروں کا جائزہ لیں اور ان کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ اسلامی قانون کی جامعیت اور افادیت پر روشنی ڈالیں اور بتائیں کہ یہ کس طرح انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں اطلاق پذیر ہے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ قسطوں پر بیع (بیع بالتقسیط) میں قیمت کی زیادتی یا مختلف مدتوں کے مقابلے میں قیمتوں کے تعین کے شرعی اصول کیا ہیں؟ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ بچے کی جنس کے انتخاب، رحم میں جنین کی کمزوری، اور اسٹیم سیلز کے استعمال کے حوالے سے شرعی موقف واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ حضرت عمرؓ اور امام ابو حنیفہؒ کے شورائی اجتہاد کے طریقہ کار کی وضاحت کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

کل نمبر: 100 | کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ احناف اور آئمہ ثلاثہ کے نزدیک بالغ اور عاقل عورت کے نکاح میں ولی کی ضرورت کے بارے میں فرق بیان کریں۔ اس میں ولایت اجبار اور ولایت استحباب کی تفصیل بھی شامل کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حقوق معنویہ کی خرید و فروخت کے احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ انشورنس کی کون سی صورتیں شرعاً جائز ہیں اور کون سی صورتیں ناجائز ہیں؟ باہمی تعاون پر مبنی اور کمرشل انشورنس کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ حدود و قصاص میں غائب کے خلاف فیصلے، دباؤ کے تحت اقرار، اور وعدہ معاف گواہ کی شرعی حیثیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ قضاء اور فتویٰ، تحکیم، حسبہ اور ولایتِ مظالم کے درمیان فرق واضح کریں۔ (20)